## سوال

(641)سلسل البول کے مریض کی امامت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سلسل البول کے مریض کے لئے نماز کی امامت کروانا جائز ہے؟ کیا اس کے لئے جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے اور وہ مدت مسح کو کس طرح مکمل کرے گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سلسل البول کے مریض کے لئے امامت کروانا جائز نہیں خواہ مقتدی بھی اسی کی طرح کے مریض ہوں کیونکہ اس مرض میں طہارت کاملہ مفقود ہوتی ہے سلسل البول کا مریض مسجد میں نماز باجماعت پڑھ سکتا ہے بشرطیکہ یہ اندیشہ نہ ہو کہ وہ مسجد کو ناپاک کردے گا اسے موزوں اور جرابوں پر مسح کرنے کی اجازت ہے! (شیخ ابن جبرین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

## صفحہ نمبر514

## محدث فتویٰ